(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## بین الاقوامی

بین الاقوامی ادارے

## تقریباً ہر 3 میں سے 1 پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ اقوام متحدہ دنیا میں امن وامان قائم کرنے میں ناکام رہی ہے، 12 سال (ایف اے) تک کی تعلیم حاصل کرنے والے افراد (41%) اور مرد حضرات (36%) میں اس حوالے سے زیادہ شرح دیکھنے میں آئی۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

(اسلام آباد)، 02 جنوری، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً ہر 3 میں سے 1 پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ اقوام متحدہ دنیا میں امن وامان قائم کرنے میں ناکام رہی ہے، 12 سال (ایف اے) تک کی تعلیم حاصل کرنے والے افراد (41%) اور مرد حضرات (36%) میں اس حوالے سے زیادہ شرح دیکھنے میں آئی۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے خیال میں اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے کے لیے کس حد تک کامیاب ہوا ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 6% جوابدہندگان کے مطابق اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے کے لیے "بہت زیادہ کامیاب" ہوا ہے، 26% جوابدہندگان کے مطابق "کسی حد تک کامیاب" ہوا ہے، 29% جوابدہندگان کے مطابق "بالکل بھی کامیاب نہیں" ہوا ہے، جبکہ 37% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ہے، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے خیال میں اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے کے لیے کس حد تک کامیاب ہوا ہے؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** خواتین (22%) کی نسبت مرد حضرات (36%) کی زیادہ شرح اقوام متحدہ کے دنیا میں امن قائم رکھنے میں کامیاب ہونے کے حوالے سے مایوس نظر آئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے:** 12 سال (ایف اے) سے کم تعلیم حاصل کرنے والے افراد (27%) کی نسبت، 12 سال (ایف اے) تک کی تعلیم حاصل کرنے والے افراد (41%) کی زیادہ شرح کا ماننا ہے کہ اقوام متحدہ دنیا میں امن قائم کرنے کی کوششوں میں کامیاب نہیں رہا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1024 خواتین اور مرد حضرات سے 23rd اکتوبر تا 17th نومبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 02nd January 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)